SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۱۹۸۸

SINDH ACT NO.III OF 1988

سندھ بلدیاتی حکومت (چوتھی ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۷

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (FOURTH AMENDMENT) ACT, 1987

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of Section 3 of Sindh Ordinance XII of 1979
۳۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم
Amendment of Section 10 of Sindh Ordinance XII of 1979
۴۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۲۳ کی ترمیم
Amendment of Section 23 of Sindh Ordinance XII of 1979
۵۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۲۶ کی ترمیم
Amendment of Section 26 of Sindh Ordinance XII of 1979
۶۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII میں دفعہ 37-A کا اضافہ
Insertion of Section 37-A of Sindh Ordinance XII of 1979
۷۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳۸ کی ترمیم
Amendment of Section 38 of Sindh Ordinance XII of 1979
۸۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۴۰ کی ترمیم

Amendment of Section 40 of Sindh Ordinance XII of 1979

۹۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۶۰ کی ترمیم

Amendment of Section 60 of Sindh Ordinance XII of 1979

۱۰۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعات ۸۹ اور ۹۰ کو ختم کرنا

Omission of Sections 89 and 90 of Sindh Ordinance XII of 1979

۱۱۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۹۱ کی ترمیم

Amendment of Section 91 of Sindh Ordinance XII of 1979

۱۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول I کی ترمیم

Amendment of Schedule I to Sindh Ordinance XII of 1979

۱۳۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول II کی ترمیم

Amendment of Schedule II to Sindh Ordinance XII of 1979

۱۴۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول V کی ترمیم

Amendment of Schedule V to Sindh Ordinance XII of 1979

۱۵۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول VI کی ترمیم

Amendment of Schedule VI to Sindh Ordinance XII of 1979

۱۶۔ تبدیل پذیری

Transitional

۱۷۔ ۱۹۸۷ کے سندھ آرڈیننس VIII کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance VIII of 1987

سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۱۹۸۸

SINDH ACT NO.III OF 1988

سندھ بلدیاتی حکومت (چوتھی ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۷

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (FOURTH AMENDMENT) ACT, 1987

[۳ فروری ۱۹۸۸]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی۔
جیسا کہ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛
اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ بلدیاتی حکومت (چوتھی ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۷ کہا جائے گا۔
(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of Section 3 of Sindh Ordinance XII of 1979

۲۔ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳ میں:

(i) شق (۲) کو ختم کیا جائے گا۔
(ii) شق (۸۲) کے لیئے، مندرجہ ذیل شقوں کو متبادل بنایا جائے گا۔

"(۸۲) "مزدور" مطلب کوئی شخص جو ایک فیکٹری میں ملازم ہے، جیسے فیکٹریز ایکٹ، ۱۹۳۴ میں بیان کیا گیا ہے یا انڈسٹریل اور کمرشل اسٹیبلشمنٹ میں جیسے مغربی پاکستان انڈسٹریل اور کمرشل ایمپلائمنٹ (اسٹینڈنگ آرڈرس) آرڈیننس، ۱۹۶۸ میں بیان کیا گیا ہے، کم از کم ایک سال کا

ہنرمند یا غیر ہنر مند، ہاتھ سے کام کرنے والا یا مشین سے کام کرنے والا مزدور لیا جائے یا اس کو معاوضہ دیا جائے۔

(۸۳) "زونل میونسپل کمیٹی" مطلب ایک میونسپل کمیتی جو اس آرڈیننس کے تحت کراچی شہر میں بنائی گئی ہو۔

۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۰ میں:

(a) ذیلی دفعہ (۱) کی شق (a) کی ذیلی شق (iii) میں مندرجہ ذیل شرطیہ بیان بڑھایا جائے گا:

"بشرطیکہ کراچی شہر میں ایک میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ہر ایک ضلع کے لیئے میونسپل کمیٹی ہوگی۔"۔

(b) ذیلی دفعہ (۲) میں الفاظ "ایک ضلع کاؤنسل" کو الفاظ "میٹروپولیٹن کارپوریشن یا ایک ضلع کاؤنسل" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۴۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲۳ میں، الفاظ اور کاماؤں "سرکاری میمبروں کے علاوہ، اگر کوئی ہو" کو الفاظ "دفعہ ۱۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (a) میں بیان کردہ" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۵۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲۶ کی ذیلی دفعہ (۲) کے بعد مندرجہ ذیل نئے دفعات شامل کیئے جائیں گے:

"(۳) میئر، ڈپٹی میئر، چیئرمین یا وائیس چیئرمین وفاقی یا صوبائی حکومت میں ایک وزیر یا صلاحکار مقرر ہونے پر عہدہ چھوڑ دیں گے۔

(۴)زونل کمیٹی کا چیئرمین میئر ہونے کی صورت میں چیئرمین کا عہدہ چھوڑ دے گا۔"۔

۶۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۳۷ کے بعد نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم

Amendment of Section 10 of Sindh Ordinance XII of 1979

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۲۳ کی ترمیم

Amendment of Section 23 of Sindh Ordinance XII of 1979

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۲۶ کی ترمیم

Amendment of Section 26 of Sindh Ordinance XII of 1979

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII میں دفعہ 37-A کا اضافہ

Insertion of

Section 37-A of Sindh Ordinance XII of 1979

A-37- **پارٹی بنیاد پر انتخابات پر پابندی۔** "(۱) اس آرڈیننس کے کسی دوسرے شرطیہ بیان کے علاوہ، اس آرڈیننس کے تحت انتخابات میں حصہ لینے والا کوئی بھی شخص، ایسے انتخابات کے مقصد کے لیئے، سیاسی پارٹی کا نام، جھنڈہ، نشان یا ٹکٹ استعمال نہیں کر سکے گا، یا اس کا پلیٹ فارم یا مدد حاصل نہیں کر سکے گا، نہ ہی وہ کوئی فرقیوارانہ یا علاقائی نعرے لگا سکے گا:

بشرطیکہ ایک امیدوار ایک سیاسی پارٹی کا فقط ایک میمبر ہونے پر نااہل قرار نہیں دیا جائے گا۔

(۲)اگر الیکشن اتھارٹی، ایسی جانچ پڑتال کے بعد جیسے مناسب سمجھے، مطمئن ہو کہ کوئی شخص جھوٹ بول رہا ہے یا ذیلی دفعہ (۲) کی گنجائشوں سے ٹکراؤ میں منتخب ہو کر آیا ہے، وہ انتخاب کے لیئے امیدوار نہیں ہو سکتا، یا جیسے بھی معاملہ ہو، میمبر نہیں رہ سکتا، وہ چار سالوں کے عرصے کے لیئے انتخاب لڑنے کے لیئے نااہل ہو جائے گا۔

بشرطیکہ ایسے مذکورہ شخص کو صفائی پیش کرنے کا موقعہ دیئے بغیر ایسا حکم جاری نہیں کیا جائے گا۔"۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳۸ کی ترمیم

Amendment of Section 38 of Sindh Ordinance XII of 1979

۷۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۳۸ میں:

(i) موجود شرطیہ بیان سے پہلے، مندرجہ ذیل شرطیہ بیان بڑھایا جائے گا:

"بشرطیکہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے میمبرز ہر زونل کمیٹی کی طرف سے ان میں سے متناسب نمائندگی کی بنیاد پر منتخب کیئے جائیں گے۔"؛

(ii)موجودہ شرطیہ بیان میں لفظ "بشرطیکہ" اور لفظ "تو" کے درمیاں لفظ "مزید" شامل کیا جائے گا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۴۰ کی ترمیم

Amendment of Section 40 of Sindh Ordinance XII of 1979

۸۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۴۰ کی ذیلی دفعہ (۱) میں:

(a) لفظ اور کاما "کارپوریشن،" اور الفاظ "میونسپل کمیٹی" کے درمیاں الفاظ اور کاما، "ایک زونل

میونسپل کمیٹی،" کو شامل کیا جائے گا؛
(b)شرطیہ بیان میں:
(i)الفاظ "کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن" اور لفظ "اور" کے درمیاں الفاظ "یا ایک زونل میونسپل کمیٹی" کو شامل کیا جائے گا۔
(ii)آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل طریقے سے مزید شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:
"بشرطیکہ یہ بھی کے میٹروپولیٹن کارپوریشن، زونل میونسپل کمیٹی کی منظوری سے یا جہاں زونل میونسپل کمیٹی اجازت نہ دے، حکومت کی منظوری سے، زونل میونسپل کمیٹی کے کام ایسی شرائط پر سرانجام دے سکتی ہے، جیسے حکومت واضح کرے۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ٦٠ کی ترمیم
Amendment of Section 60 of Sindh Ordinance XII of 1979

۹۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ٦٠ میں:
(i)ذیلی دفعہ (۱) کے شرطیہ بیان میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل مزید شرطیہ بیان شامل کیئے جائیں گے:
"بشرطیکہ مزید یہ کہ جہاں ٹیکس، ٹول یا فی دونوں میٹروپولیٹن کارپوریشن یا زونل میونسپل کمیٹی لگاتی ہیں، زونل میونسپل کمیٹیز میٹروپولیٹن کارپوریشن کی منظوری کے علاوہ ایسی ٹیکس، ریٹ، ٹول یا فی نہیں لگائیں گی۔
بشرطیکہ یہ بھی کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن، زونل میونسپل کمیٹی کی منظوری سے اور جہاں زونل میونسپل کمیٹی منظوری نہیں دیتی، حکومت کی منظوری سے کوئی ٹیکس، ریٹ، ٹول یا فی وصول کر سکتی ہے، جو میونسپل کمیٹی کی طرف سے وصول کرنے ہیں ، مگر ایسے شرائط پر جیسے حکومت طے کرے۔"۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعات ۸۹ اور ۹۰ کو ختم کرنا
Omission of Sections 89 and 90 of Sindh Ordinance XII of 1979

(ii)ذیلی دفعہ (۲) کے لیئے، مندرجہ ذیل ذیلہ دفعہ کو متبادل بنایا جائے گا:
"(۲) میٹروپولیٹن کارپوریشن جمع کردہ ٹیکسز،

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۹۱ کی ترمیم
Amendment of Section 91 of

ریٹس، ٹولس یا فیس کا حصہ زونل میونسپل کمیٹیز کو اس نسبت سے دے گے، جیسے حکومت نے طے کیا ہو۔"۔

Sindh Ordinance XII of 1979

۱۰۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۸۹ اور ۹۰ کو ختم کیا جائے گا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول I کی ترمیم

Amendment of Schedule I to Sindh Ordinance XII of 1979

۱۱۔ مذکورہ آرڈیننس میں دفعہ ۹۱ کے لیئے مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

"۹۱۔ **کاؤنسلس کے درمیاں تکرار**۔ اگر دو یا دو سے زائد کاؤنسلس کے درمیاں تکرار پیدا ہو جائے تو، معاملہ حکومت کو بھیجا جائے گا اور اس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور کاؤنسلس اس پر پابند ہوں گی۔"۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول II کی ترمیم

Amendment of Schedule II to Sindh Ordinance XII of 1979

۱۲۔ شیڈول I میں:

(i) جریاں نمبر ۱ میں داخلاؤن کے لیئے مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا۔

"کراچی میٹروپولیٹن ۱ کارپوریشن	ہر زونل میونسپل کمیٹی کے میمبرز کا ایک تہائی حصہ
1-A. سب زونل میونسپل کمیٹیز"۔	حکومت کی طرف سے طے کردہ میمبرز کی تعداد، بشرطیکہ پہلے انتخابات کے لیئے میمبرز کی تعداد ۲۰۴ ہوگی جو حکومت کی طرف سے زونل کمیٹیز میں بانٹے جائیں گے۔

(ii)جریاں نمبر ۲ کے سامنے الفاظ "میونسپل کمیٹیز" اور لفظ "اور" کے درمیاں الفاظ "زونل میونسپل کمیٹیز کے علاوہ" کو شامل کیا جائے گا۔

۱۳۔ مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول II کے حصے ۱ میں، مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

حصہ – I

سارے کام میٹروپولیٹن کارپوریشن کی طرف سے سنبھالے جائیں گے

۱۔ فزیکل پلاننگ، ٹاؤن پلاننگ اور بلڈنگ کنٹرول؛

۲۔ ٹرنک سیوریج سسٹم، سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس اور سیوریج فارمس؛

۳۔ کسیر مقدار میں پانی کی فراہمی؛

۴۔ ریفیوزڈ ڈسپوزل پلانٹس؛

۵۔ ایبٹریز اور کیٹل کالونیز؛

۶۔ خاص اور عام ہسپتالیں اور میٹرنٹی ہوم ۵۰ بیڈس کے ساتھ یا مزید جیسا کہ اسپینسرز آئی ہاسپیٹل، لیپرسی ہاسپیٹل، اپیڈیمک ہاسپیٹل، نیو چالی ہاسپیٹل، لیاری ہاسپیٹل، سوبھراج اور رنچھوڑ میٹرنٹی ہوم؛

۷۔ ویکٹر کنٹرول کی منصوبہ بندی اور نظرداری؛

۸۔ فوڈ لیباریٹریز کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت؛

۹۔ ہوا اور پانی کی آلودگی پر ضابطہ؛

۱۰۔ دودھ کی فراہمی کی اسکیمیں؛

۱۱۔ میٹروپولیٹن روڈوں اور برساتی نالوں کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت؛

۱۲۔ میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹ؛

۱۳۔ ٹریفک انجنیئرنگ؛

۱۴۔ لینڈ کنٹرول؛

۱۵۔ اعلیٰ اور مہارت یافتہ تعلیم بشمول اساتذہ کی تربیت؛

۱۶۔ کچی آبادیوں کو ریگیولر کرنا اور اسپیشل کراچی ڈولپمنٹ پراجیکٹ پر عملدرآمد؛

۱۷۔ میونسپل پولیس؛

۱۸۔ کنٹرول ورکشاپس اور پریس؛

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول V کی ترمیم

Amendment of Schedule V to

Sindh Ordinance XII of 1979

۱۹۔ زولاجیکل گارڈنس، ایکویریا، میٹروپولیٹن اسٹیڈیم، سفاری پارکس، اسپورٹ کامپلیکس اور سمندری کنارے؛
۲۰۔ میٹروپولیٹن لائبریریز، میوزیمس اور آرٹ گیلریز؛
۲۱۔ لینڈ اسکیپ ریور ٹریننگ اور فلڈ کنٹرول کو محفوظ بنانا؛
۲۲۔ فائر فائٹنگ سروسز کی منصوبہ بندی، ترقی اور مرمت؛
۲۳۔ پھیلتی بیماریوں پر ضابطہ؛
۲۴۔ پبلک فیریز؛
۲۵۔ کھانے اور پینے کی اشیاء؛
۲۶۔ سائیٹ ڈولپمنٹ اسکیمس؛
۲۷۔ سول ڈفینس؛
۲۸۔ میٹروپولیٹن قبرستان اور شمشان گھاٹ؛
۲۹۔ جنگل؛
۳۰۔ میونسپل ملازمین کی تربیت؛
۳۱۔ حکومت کی طرف سے دیئے گئے کوئی اور کام۔

حصہ – I-A

کام جو زونل میونسپل کمیٹیز کی طرف سے کیئے جائیں گے

میونسپل کمیٹیز کے سارے کام ماسوائے ان کے جو حصہ I میں ہیں۔"

۱۴۔ مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول v(a) کے حصہ I کے لیئے، مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے شیڈول VI کی ترمیم

Amendment of Schedule VI to Sindh

حصہ – I

ٹیکسز، ریٹس، ٹولس اور فیس جو میٹروپولیٹن کارپوریشن کی طرف سے وصول کیئے جائیں گے

۱۔ کراچی میٹروپولیٹن ایراضی میں استعمال کرنے یا بیچنے کے لیئے چیزیں درآمد کرنے پر ٹیکس؛
۲۔ روڈوں، برجز اور فیریز پر ٹولس؛
۳۔ سب اقسام کی گاڑیوں اور کشتیوں پر ٹیکس؛

Ordinance XII of 1979
تبدیل پذیری
Transitional

۴۔ ڈرینیج ٹیکس؛
۵۔ فائر ٹیکس؛
۶۔ مخصوص وقت کے لیئے مخصوص عوامی مفاد یا عوامی یوٹیلٹی پروجیکٹس پر ڈولپمنٹ ٹیکس؛
۷۔ کسیر مقدار میں پانی کی فراہمی کی لیئے نرخ؛
۸۔ مخصوص خدمات حاصل کرنے کے لیئے اور ملے ہوئے لائسنس/سینکشن/پرمٹس پر فیس؛
۹۔ عمارت کی تعمیر اور دوبارہ تعمیر کے لیئے درخواست پر ٹیکس؛
۱۰۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ماتحت تعلیمی اداروں کے لیئے فیس؛
۱۱۔ جانوروں کے کوس کے لیئے فیس؛
۱۲۔ حکومت کی طرف سے لگائی گئی سیس اور ٹیکسز؛
۱۳۔ دوسری کوئی ٹیکس جو حکومت کو قانون کے تحت لگانے کا اختیار ہے۔

حصہ – I-A

ٹیکسز، ریٹس، ٹولس اور فیس جو زونل میونسپل کمیٹیز کی طرف سے لگائے جائیں گے

اس آرڈیننس کے تحت سارے ٹیکسز میونسپل کمیٹی کی طرف سے وصول کرنے کے لائق ہوں گے ماسوائے ان کے جو میٹروپولیٹن کارپوریشن کی طرف سے لگائے اور جمع کیئے جانے ہوں گے۔

(b) حصہ II کے عنوان میں، لفظ "بشمول" کے لیئے لفظ "کے علاوہ" کو متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۸۷ کے سندھ آرڈیننس VIII کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance VIII of 1987

۱۵۔ مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول VI میں، حصہ II میں، داخلا ۴۸ کے بعد، مندرجہ ذیل نئی داخلائیں شامل کی جائیں گی:

"48-A۔ کسی عمارت پر قابل اعتراض ، گالیوں والے، فحش نعرے یا الفاظ لکھنا یا پینٹ کرنا۔

48-B۔ عمارت کے مالکان یا قبضہ رکھنے والوں کی طرف سے اندراج ۴۸ اور 48-A میں بیان کیئے گئے بلس، نوٹیسز، پلے کارڈس، پیپرز، تحریریں، پینٹنگس

ہٹانے میں ناکامی۔"۔

۱۶۔ جب تک کچھ سندھ بلدیاتی حکومت آرڈیننس، ۱۹۷۹ کے متضاد نہ ہو:

(a) موجود میٹروپولیٹن کارپوریشن کے الیکٹورل یونٹ زونل میونسپل کمیٹیز کے پہلے انتخابات کے لیئے الیکٹورل یونٹس ہوں گے؛

(b) سندھ بلدیاتی حکومت (چوتھی ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۷ کے نافذ ہونے سے پہلے، کام کرنے والی میٹروپولیٹن کارپوریشن تب تک کام جاری رکھے گی جب تک کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن اور میونسپل کمیٹیز بنائی جائیں اور کام شروع کریں۔

(c) کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن حکومت کی منظوری سے، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور زونل میونسپل کمیٹیز کے لیئے مالی سال 1987-88 کے مالی تخمینے، خرچہ اور آمدنی کے تفصیل بنائے گی۔

(d) حکومت، کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن سے مشاورت کے بعد تقسیم کر سکتی ہے۔

(i) حکومت جیسے مناسب سمجھے اور جس طریقے سے اور تناسب سے چاہے میٹروپولیٹن کارپوریشن اور زونل میونسپل کمیٹیز کے درمیاں اثاثے اور واجبات منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد تقسیم کرے گی۔

(ii) میٹروپولیٹن کارپوریشن کے آفیسر اور ملازم میٹروپولیٹن کارپوریشن اور زونل میونسپل کمیٹیز میں خدمات سرانجام دیں گے؛

(e) جہاں سندھ بلدیاتی حکومت (چوتھی ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۷ کے نافذ ہونے کے بارہ مہینوں کے دوران مذکورہ آرڈیننس کی گنجائشوں پر عملدرآمد

کے سلسلے میں، کوئی رکاوٹ پیش آئے، حکومت ایسی رکاوٹ ہٹانے کے لیئے خاص ہدایات جاری کر سکتی ہے۔

۱۷۔ سندھ بلدیاتی حکومت (چوتھی ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۷ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔